حمل کے دوران خطرات کی نشانیاں

تعارف

- عام طور پر دورانِ حمل عورتوں کو تکلیفیں درپیش نہیں ہوتیں تاہم دوران حمل ہونے والی تکلیفوں میں سینے میں جلن، پیٹھ کا درد چھاتی کا ورم اور نرمی اور تھکن شامل ہیں۔

- تاہم حمل کے دوران اور بچے کی پیدائش کے وقت کچھ تکلیفیں ہوسکتی ہیں جن سے زچہ بچہ کی زندگی کو خطرہ ہوسکتا ہے۔
- یہ بھی ممکن ہے کہ زچگی سے قبل کی جانچ کے دوران کافی جلدی عورت کی بیماری کی پہچان کر لی جائے۔
- اِن خطروں کی معلومات آنگن واڑی ورکر کو یہ اندازہ لگانے میں معاون ہوتی ہے کہ کب کسی حاملہ عورت کو علاج و معالجے میں خصوصی ضرورت درپیش ہوسکتی ہے۔
- اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو اس کا نتیجہ حاملہ عورت کی موت یا بچے کی معذوریت یا زچہ بچہ دونوں کے لئے سنگین خطرے پیدا ہوسکتے ہیں۔
- اگر کسی حاملہ عورت میں خطرے کی علامتیں پائی جائیں تو اسے مشورے کے لئے فیلڈ ریفرل یونٹ/ اسپتال لے جایا جانا چاہیے۔

حمل کے دوران خطرے کے عناصر

•••

- چھوٹے قد کی عورت (145 سینٹی میٹر یا 4 فٹ 10 انچ سے کم)
- عمر اگر 18 سے کم اور 35 سال سے زیادہ ہو۔
- اگر عورت دل کے مرض، ذیابیطس، ٹی بی، ملیریا، انیمیا اور دیگر کسی قسم کی مریضہ رہی ہو۔
- پہلی سہ ماہی میں عورت کا وزن 38 کلو گرام سے کم ہو۔
- سابقہ زچگی میں دشواری (زچگی کے وقت دشواری یا زچگی آپریشن)۔
- اگر دوران حمل ملیریا ہوا ہو۔
- دوران حمل بچے کی حرکت میں کمی یا سستی
- موجودہ حمل کے دوران درج ذیل کوئی شکایت ہو:
  - حمل کے دوران کسی بھی وقت خون آنا
  - غیر معمولی صورتحال
  - حمل سے پیدا ہونے والی ہائیپر ٹینشن
  - شدید انیمیا (خون کی کمی)
  - جڑواں بچوں کی وجہ سے بچہ دانی میں غیر معمولی پھیلاو

خطرے کی علامتیں:

	حمل کے دوران یا زچگی کے وقت خون آنا۔ • دوران حمل یا زچگی کے وقت یا اُس کے بعد زیادہ خون بہنا، زچہ بچہ دونوں کے لئے مہلک ہوسکتا ہے۔ • عورت کو فوری طور پر اسپتال لے جایا جانا چاہے۔
	سانس کی شکایت یا اس کے بغیر شدید انیمیا۔ • شدید انیمیا سے متاثرہ عورت کی پلکیں، ناخن اور ہتھیلیوں کا پیلی پڑ جانا، ان کو سانس کی شکایت ہو بھی سکتی اور نہیں بھی۔ • اس سے بہت سی پیچیدگیاں ہوسکتی ہیں مثلاً زچگی کے وقت دل کا بند ہوجانا، حمل کے دوران انفیکشن اور بچے کی پیدائش مقررہ وقت سے پہلے ہوجانا۔ • شدید انیمیا سے متاثرہ عورت کی زچگی اسپتال میں ہی کرائی جانی چاہیۓ۔
	دوران حمل یا زچگی سے ایک ماہ قبل بخار کی شدت۔ • اس صورت میں حاملہ عورت کو فوری طور پر اسپتال لے جایا جانا چاہیۓ۔ • شدید بخار ہونا اس بات کی علامت ہے کہ عورت کسی قسم کے انفیکشن سے متاثر ہے، جو بچے کی افزائش کے لئے خطرناک ہوسکتا ہے۔ • ایسی عورت کو لانے لے جانے کے دوران پوری طرح گرم کپڑوں سے ڈھک کر لے جانا چاہیۓ۔ • بخار کم کرنے کے لئے گیلی اور ٹھنڈی پٹیوں کا استعمال کریں۔
	تشنج یا دورے پڑنا، دھندلا نظر آنا، سر درد اور پیروں پر اچانک ورم آجانا۔ • ایسی صورتحال ماں کے دماغ کے لئے نقصاندہ اور زیر حمل بچے کی موت کا سبب ہوسکتی ہے۔ • ایسی صورت میں حاملہ عورت کو فوری طور پر اسپتال لے جایا جانا چاہیۓ۔
	زچگی کا درد 12 گھنٹے سے زیادہ ہونا • عورت کو فوری طور پر اسپتال لے جایا جانا چاہیۓ۔ • اس کی زچگی ڈاکٹر کی موجودگی میں کرائی جانی چاہیۓ۔
	زچگی کے درد کے بغیر پانی کی تھیلی کا پھٹ جانا: • پانی کی تھیلی پھٹ جانے کی صورتحال میں زچہ بچہ کو شدید انفیکشن لاحق ہوسکتا ہے۔ • عورت کو فوری طور پر اسپتال لے جایا جانا چاہیۓ۔ • اس کی زچگی ڈاکٹر کی موجودگی میں کرائی جانی چاہیۓ۔